
Package Learning Materiel on Environment ACCU

We are part of nature

ماحولیات کے موضوع پر تعلیمی مواد

ایشیأ پیسفک کلچرل سنٹر برائے یونیسکو

# پانی اور ہماری زندگی




## پانی کو صاف اور آلودگی سے پاک رکھنے کے لئے چند یادرکھنے کی باتیں :

1۔ کوڑا کرکٹ دریا، کنویں اور تالاب میں مت پھینکیں۔

2۔ بیت الخلأ اور کچرے کے ڈھیر کو کنویں، تالاب اور دریا سے دور رکھیں۔

3۔ نباتاتی کوڑے کو دوسرے کوڑے سے الگ رکھیں۔

4۔ انسانی، حیوانی اور نباتاتی تلف شدہ مادے کو کھاد کے طور پر استعمال کریں۔

5۔ کیمیائی ادویات اور کھاد کا کم سے کم استعمال کریں اور قدرتی کھاد کا استعمال کرنا چاہئے۔

6۔ کپڑے اور برتن دھونے کے لئے پاؤڈر کا استعمال کم کرنا اور عام صابن کے استعمال کو اپنائیں۔

7۔ پہاڑوں اور دریاؤں کے کنارے پر درخت اگائیں۔



## استعمال کرنے کی ہدایات

ہدف : (i) غیر رسمی تعلیم حاصل کرنے والے نو آموز بالغ افراد۔

(ii) چار سے آٹھ سال تک کی عمر کے رسمی تعلیم حاصل کرنے والے بچے اور وہ بچے جو تعلیم ترک کر چکے ہیں۔

مقاصد : (i) آبی ماحول سے متعلق شعور بیدار کرنا۔

(ii) آبی آلودگی اور اس کے ممکنہ اثرات کا تعارف کروانا۔

(iii) آبی آلودگی کے بچاؤ کے طریقوں کی نشاندہی کر کے آبی آلودگی کم کرنا۔

(iv) ماحول کی اہمیت کے بارے میں لوگوں میں آگاہی پیدا کرنا اور یہ احساس دلانا کہ لوگ فطرت کا جزو ہیں۔

## اس کتابچے کے استعمال کا طریقہ :

(i) کتابچہ تقسیم کرنے سے پہلے غیر رسمی طور پر اس موضوع پر گفتگو کرلیں کہ روزمرہ زندگی میں پانی کس طرح استعمال کیا جاتا ہے۔ طلباء پانی کے بارے میں کیا جانتے ہیں اور یہ کہ پانی کہاں سے اور کیسے حاصل کرتے ہیں۔

(ii) اپنے قرب وجوار کے علاقے کا دورہ کریں اور پانی کی مختلف اقسام کی نشاندہی کریں (بارش، شبنم، دھند، برف......بخارات وغیرہ) بعد ازاں پانی کے ذرائع دریافت کریں۔

(iii) طلباء میں یہ کتابچہ تقسیم کریں اور ان سے کہیں کہ اسے غور سے پڑھیں۔

(iv) گاؤں میں آبی ماحول کے موضوع پر گفتگو کا آغاز کریں اور جائزہ لیں کہ آیا وہاں پانی آلودہ ہے یا نہیں ؟

(v) پانی کی آلودگی کے اسباب اور اثرات پر بات چیت کریں۔

(vi) معلم کو چاہئے کہ وہ طلباء کو کسی نزدیکی دریا یا کسی دوسرے پانی کے ذرائع دکھانے لے جائیں اور وہاں اس بات کا مشاہدہ کریں کہ دریا میں کیا کچھ آلودہ مادے ہیں۔ اور پانی کی صفائی کے معیار پر بھی گفتگو کریں۔

(vii) پھر ان قدامات پر بات چیت کریں جو طلباء آبی آلودگی پر قابو پانے کے لئے اختیار کر سکتے ہیں۔

(viii) اگر دریا، نہر، کنواں، چشمہ یا تالاب آلودہ ہے تو طلباء کو چاہئے کہ وہ اس کی صفائی شروع کر دیں۔


**ایشیأ پیسفک کلچرل سینٹر برائے یونیسکو (اے.سی سی یو) 1998، فوتوزوماچی، شنجوقو۔قو، ٹوکیو، جاپان 162-8484**

اس کتابچے کی منصوبہ بندی اور اشاعت یونیسکو بنکاک کے تعاون سے اے سی سی یو کے پراجیکٹ بعنوان "PLANET" کے تحت کی گئی۔

انگلش : ڈرائنگ و توضیح : شیچی سوزوکی (جاپان) زیر نگرانی : نوریو اوگورا (جاپان)

اردو : زیر نگرانی : منیر احمد مدیر اعلیٰ : ڈاکٹر منیر ابڑو مدیر و مترجم : حسن محمود کمپوزنگ / پیج میکنگ : اشتیاق حسین کوثر




یہ کتابچہ پاکستان نیشنل کمیشن برائے یونیسکو، وفاقی وزارت تعلیم، 30۔ یونیسکو ہاؤس سیکٹر ایچ۔8/1، اسلام آباد نے ایشیأ۔ پیسفک کلچرل سینٹر برائے یونیسکو، ٹوکیو، جاپان کے تعاون سے اردو میں ترجمہ کر کے شائع کیا۔ اس کے جملہ حقوق حق ادارہ محفوظ ہیں۔








| | |
|---|---|
| نام کتاب | پانی اور ہماری زندگی |
| زیرِنگرانی | شاہین عتیق الرحمٰن |
| ترجمہ وترتیب | صائمہ فیاض |
| معاونت | ظہیرالدین بابر |
| مالی معاونت | یونیسکو |
| تعداد | 1000 |
| شائع کردہ | بنیاد فاؤنڈیشن |

نوٹ: اس کتاب میں موجود مواد جس طرح مصنّفین نے خود لکھا ہے اُسی طرح چھاپ دِیا گیا ہے۔ اس کتاب میں انتخاب شدہ کوائف اور معلومات کی تفصیلات کے ذِمہ دار مصنّفین ہیں اور اس میں جن آراء کا اظہار کیا گیا ہے یونیسکو کا اس سے متفق ہونا ضروری نہیں۔







## پیش لفظ


خواندگی کی طرف ایک اہم قدم پوسٹ لٹریسی ہے تاکہ وہ لوگ جنہوں نے نیا نیا پڑھنا لکھنا سیکھا ہو وہ مختلف شعبہ ہائے زندگی سے متعلق ایسی معلومات حاصل کر سکیں اور اُن کے متعلق پڑھ سکیں جو اُن کی زندگی میں بہتری لا سکیں۔


بنیاد فاؤنڈیشن نے ایشیاء پیسفک کلچرل سنٹر برائے یونیسکو کی کتاب کا اُردو ترجمہ کیا، جس کے لئے ہم ایشیاء پیسفک کلچرل سینٹر برائے یونیسکو کے مشکور ہیں جنہوں نے ہمیں اُردو ترجمہ شائع کرنے کی اجازت دی۔ کیونکہ پانی آج کل کی اہم ضرورت ہے اور دُنیا میں ہر جگہ اس کو ذخیرہ کرنے، آلودہ ہونے سے بچانے اور اس کے ضیاع کو روکنے کے لئے اقدامات کئے جا رہے ہیں۔


ہم بہت شکر گزار ہیں ارشد سعید صاحب، رخسانہ صاحبہ اور یونیسکو کے، جنہوں نے ہماری اس کوشش کو سراہا اور ہماری مدد کی۔

ترجمہ و ترتیب
صائمہ فیاض
بنیاد فاؤنڈیشن


شاہین عتیق الرحمٰن
وائس چیئر پرسن
بنیاد فاؤنڈیشن














پانی کو صاف اور آلودگی سے پاک رکھنے کے لئے کیا کرنا چاہیے:














# پانی کو کون سی چیزیں آلودہ کرتی ہیں








# آلودہ پانی کی وجہ سے ہمیں کتنی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے



# پانی کا سائیکل

وہ دریا جو ہمارے گاؤں میں بہتا ہے وہ سمندر میں جاکر گرتا ہے اور سمندر کا پانی آبی بخارات بن کر بادلوں کی شکل میں تبدیل ہوتا رہتا ہے۔ یہ بادلوں میں موجود پانی بارش بن کر زمین پر برستا ہے اور ہمارے پاس دریاؤں اور زیر زمین پانی کی شکل میں واپس آجاتا ہے۔






# صرف زمین ہی انسانی آبادی والا سیارہ ہے۔

جہاں پانی دنیا کی تمام سرحدوں کو عبور کرتا ہوا صدیوں سے رواں دواں ہے۔

